StudentBounty.com

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions – 10

**S — 72 — Urdu (T.L.) (SUPP.)**

No. of Printed Pages – 7

# SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION, 2013

# URDU

( Third Language )

Time : 3 $\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات:

i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

StudentBounty.com



1. مندرجہ ذیل اقتباسات نثر میں سے کسی **ایک** اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے تحریر کیجئے : 5

(الف) پھر اکبر نے رگھوپت کی طرف دیکھ کر کہا ''مجھے پہلے یہ معلوم نہ تھا کہ بہادر راجپوت بات کے اتنے دھنی ہوتے ہیں۔ تمہاری بہادری اور ایفائے وعدہ سے میں بہت خوش ہوا، میں نے تم کو بھی چھوڑا'' رگھوپت سنگھ گھٹنوں کے بل زمین پر جھک گیا اور کہا'' آپ جس رگھوپت کو اتنی مشکل سے بھی جیت نہ سکے، آج اپنی دریا دلی دکھا کر آپ نے اسے جیت لیا۔ آپ بہادروں کی وقعت کرنا جانتے ہیں۔ اب میں کبھی آپ کا دشمن ہو کر تلوار نہ اٹھاؤں گا۔''

(ب) آج اس سے ٹھیلہ کھنچ بھی نہیں پا رہا تھا۔ ایک تو سیٹھ کے بچّے نے زیادہ بوجھ لاد دیا ہے، دوسرے اس کے ٹھیلے کا دُھرا جام ہو رہا ہے۔ تیسرے یہ کہ چڑھائی کا راستہ ہے اور چوتھے یہ کہ اس کا من ہی نہیں ہو رہا ہے ٹھیلہ کھینچنے کا۔ وہی کاٹھ کے گھوڑے والی بات ہو رہی ہے جو اپنے آپ سرک نہیں سکتا۔ جب کبھی اس کا من اداس ہوتا ہے تو اس کی کیفیت اس کاٹھ کے گھوڑے جیسی ہو جاتی ہے جسے وہ بچپن میں ایک میلے سے خرید کر بڑا دکھی ہوا تھا۔

2. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں : 5 × 1 = 5

(i) شہروں کی گندگی کس طرح دریاؤں میں شامل ہو جاتی ہے؟

(ii) اُردو زبان کس ملک میں پیدا ہوئی ؟

(iii) ژالہ باری کسے کہتے ہیں؟

(iv) ڈاکٹر امبیڈکر کا پورا نام کیا تھا؟

(v) اندھے انسان جس تحریر کے ذریعہ پڑھ سکتے ہیں، اس کا نام لکھیئے ۔

StudentBounty.com



3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیں:  2 × 3 = 6

(i) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

یا

ٹیل نیٹ ( Tel Net ) کسے کہتے ہیں؟

(ii) رضیہ سلطانہ کی خوبیاں کیا تھیں؟

یا

''اونتی'' کی حاضر جوابی کے بارے میں چند جملے لکھیئے۔

4. مندرجہ ذیل اشعار نظم کے کسی ایک حصّے کا آسان زبان میں مطلب لکھیئے شاعر اور نظم کا نام بھی لکھیئے:  5

(الف) تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی ، کیا آسماں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تو نے ، اے مہرباں بنایا
ہر چیز سے ہے تیری کاریگری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

(ب) چلو کہ ہم کو منزلیں بُلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے دُھلے ہوئے ہیں نور سے
چمن کِھلا کِھلا سا ہے
اُفق دُھلا دُھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے

StudentBounty.com



.5 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں: 5 × 1 = 5

(i) میر تقی میرؔ کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) ''جو جانے کے بعد لوٹ کر نہ آئے۔'' یہاں شاعر کا اشارہ کس چیز کی طرف ہے؟

(iii) والد کے انتقال کے بعد مرزا غالب کی پرورِش کس نے کی ؟

(iv) ''پہاڑ اور گلہری'' نظم کے شاعر کا نام لکھیئے۔

(v) حمد کسے کہتے ہیں؟

.6 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیں: 2 × 3 = 6

(i) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟

یا

''عمرِ خضر'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے جنگ کیا مسئلوں کا حل دیگی

شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے آسان زبان میں مطلب لکھیئے۔

یا

''کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں انصاف و عدل پرستی ہے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے لکھیئے۔

StudentBounty.com



7. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔ 8 × 3 = 24

(i) فعل کی تعریف مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

(ii) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے صرف **تین** کے معنی لکھیں۔

(۱) جوتیاں سیدھی کرنا (۲) چراغ تلے اندھیرا ہونا (۳) خون کا پیاسا ہونا

(۴) دانتوں میں اُنگلی دبانا (۵) باغ باغ ہونا۔

(iii) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے **تین** الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیں۔

(۱) بو (۲) امید (۳) دل (۴) غم (۵) صورت

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے **تین** الفاظ کے مترادف یا متضاد الفاظ لکھیں۔

(۱) آغاز (۲) مشرق (۳) عذاب (۴) جاہل (۵) صبح

(v) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے **تین** کے واحد سے جمع یا جمع سے واحد بنائیں۔

(۱) اخبار (۲) تواریخ (۳) جُرم (۴) تکلیف (۵) مسجد

(vi) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے **تین** الفاظ کے مذکر سے مونث اور مونث سے مذکر بنائیں۔

(۱) شوہر (۲) حاجی (۳) عابدہ (۴) بہن (۵) بندہ

(vii) مندرجہ ذیل رموز و اوقاف میں سے تین رموز و اوقاف کی علامات کے سامنے ان کے نام لکھیں:

(۱) ‘‘ ’’ (۲) ، (۳) ( ) (۴) ۔

(viii) اضافت کی تعریف مثال دیکر تحریر کرو۔

StudentBounty.com



8. مندرجہ ذیل اقتباس (Unseen) کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔ 4 × 2 = 8

قومی یک جہتی سے مراد مختلف قوموں اور مذہبوں کے لوگوں کے درمیان بھروسہ اور خلوص پیدا کرنا ہے، ایک دوسرے کے دکھ درد میں کام آنا ہے۔ مذہبی فرق کو دِل سے نکال کر انسانیت اور قومیت کے جذبہ کو فروغ دینا ہے۔قومی یک جہتی ایسی سوچ اور سمجھ کا نام ہے جس میں ایک مذہب والے دوسرے مذہب والوں کا احترام کرتے ہیں، ایک زبان بولنے والے دوسری زبان بولنے والوں سے اُنسیت رکھتے ہیں۔ ایک خاص قسم کا لباس پہننے والے دوسروں کے پہناوے کو پسند کرتے ہیں۔ یہی وہ انسانی جذبات اور خیالات ہیں جو قومی یکجہتی کو بڑھاتے ہیں اور ایک مشترکہ تہذیب کی پہچان کراتے ہیں۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کا مناسب عنوان لکھیں۔

(ii) قومی یکجہتی سے کیا مراد ہے ؟

(iii) قومی یکجہتی کس سوچ اور سمجھ کا نام ہے؟

(iv) قومی یکجہتی کو بڑھانے اور مشترکہ تہذیب کی پہچان کرانے والی کون سی باتیں ہیں؟

9. آپ کی بہن کی شادی ہے۔ آپ شادی کی تیاریوں میں مصروف رہیں گے۔ اس لیئے اپنے اسکول کے پرنسپل/ ہیڈ ماسٹر صاحب کو تین دن کی چھٹی کے لئے درخواست لکھیے۔ 8

یا

اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھیئے جس میں آپ اسکول والوں کے ساتھ تعلیمی ٹور پر جا رہے ہیں۔ خرچ کے لئے روپے طلب کیجئے۔

StudentBounty.com



10. مندرجہ ذیل عنوانات پر تقریباً دو سو الفاظ میں مضمون لکھیں۔ ساتھ میں دئے گئے اشاروں کو بھی استعمال کریں۔ 8

(i) کرکٹ میرا پسندیدہ کھیل

اشارات:

(۱) کھیلوں کی اہمیت

(۲) پسند کی خاص وجہ

(۳) طریقہ کھیل

(۴) کھیلوں سے فائدے اور نقصانات

(ii) نظیؔر اکبرآبادی

اشارات:

(۱) حالات زندگی

(۲) نظیؔر عوامی شاعر

(۳) عام بول چال کی زبان کا استعمال

(۴) نظموں سے خاص پہچان

(iii) کمپیوٹر (Computer)

اشارات:

(۱) کمپیوٹر کیا ہے؟

(۲) موجودہ دور میں کمپیوٹر کی اہمیت

(۳) معلومات کا خزانہ

(۴) فائدے اور نقصانات